**C**

**CCE PF**
**CCE PR**
**NSR & NSPR**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESHWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್ / ಏಪ್ರಿಲ್, 2022

**S.S.L.C. EXAMINATION, MARCH / APRIL, 2022**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 06. 04. 2022 ] — ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **85-U**

Date : 06. 04. 2022 ] — **Code No. : 85-U**

ವಿಷಯ : **ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ**

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಮಾಧ್ಯಮ / Urdu Medium )**

(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)

**(Private Fresh & Private Repeater / NSR & NSPR)**

[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100

[ Max. Marks : 100

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| I. | **معروضی جوابات :** 8 ×1 = 8 | |
| 1. | ہندوستان اور یوروپ کے درمیان بحری راستہ دریافت کرنے والا | |
| | (A) کولمبس (B) واسکوڈی گاما | |
| | (C) آلمیڈا (D) البوقرق | |
| | جواب : (B) واسکوڈی گاما | 1 |



PF/PR/NSR&NSPR-(C)-(700)-21027 (MA)

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | علی برادران نے اِس تحریک کو جاری کیا | .2 |
| | (A) تحریک عدمِ تعاون (B) خلافت | |
| | (C) سول نافرمانی (D) بھارت چھوڑ دو | |
| 1 | جواب : (B) خلافت | |
| | دنیا کے دو طاقتور بلاک میں شامل نہ ہونے والی حفاظتی پالیسی کو کہا جاتا ہے۔ | .3 |
| | (A) ناوابستہ تحریک (B) نسلی امتیازی | |
| | (C) نوآبادیت کی مخالفت (D) تخفیفِ اسلحہ | |
| 1 | جواب : (A) ناوابستہ تحریک | |
| | اِن مین سے بغیر اجرت مزدوری کی ایک بہترین مثال ہے۔ | .4 |
| | (A) نرس ( Nurse ) (B) استاد | |
| | (C) گھریلو عورت (D) پولیس | |
| 1 | جواب : (C) گھریلو عورت | |
| | ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نے اِس اخبار کو جاری کیا | .5 |
| | (A) کیسری (B) مو یک نائک | |
| | (C) مرہٹہ (D) بمبئی سماچار | |
| 1 | جواب : (B) مو یک نائک | |
| | ناگرجن ساگر جنگلی جانوروں کی پناہ گاہ اِس ریاست میں ہے۔ | .6 |
| | (A) کرناٹک (B) کیرلا | |
| | (C) اُترپردیش (D) تیلنگانہ | |
| 1 | جواب : (D) تیلنگانہ | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| 7. | دستور کی اِس ترمیم کے مطابق ہندوستان میں تین طرح کے پنچایت ادارے عمل میں آئے۔ | |
| | (A) 24 ویں | |
| | (B) 42 ویں | |
| | (C) 73 ویں | |
| | (D) 92 ویں | |
| | جواب : (C) 73 ویں | 1 |
| 8. | اِس طرح کے بینک کے کھاتہ میں رقم ایک دن میں جتنی بار چاہیں جمع کرسکتے ہیں اور نکال سکتے ہیں۔ | |
| | (A) بچت کھاتہ (B) چالتی یا چالو کھاتہ | |
| | (C) مکررڈ پازٹ کھاتہ (D) مقررہ ڈپازٹ کھاتہ | |
| | جواب : (B) چالتی یا چالو کھاتہ | 1 |
| II. | مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : $8 \times 1 = 8$ | |
| 9. | ویلزلی نے استعفیٰ دے کر اپنے وطن (انگلینڈ) واپس کیوں لوٹ گیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ویلزلی کی جنگ دوستی نے کمپنی کے قرض کو بڑھادیا۔ | 1 |
| 10. | ہندوستان کے پہلے صدر کون تھے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ڈاکٹر بابو راجندر پرساد | 1 |
| 11. | انسانی حقوق کا دن ہر سال کب منایا جاتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | 10 دسمبر | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | عوامی بھیڑ سے کیا مُراد ہے ؟ | .12 |
| | جواب : | |
| 1 | کسی بھی قبل از وقت بغیر سوچ کے یا اُمید کے برخلاف ایک متفقہ خواہش کے ارد گرد گھومنے والی عوامی جماعت کو عوامی بھیڑ کہا جاتا ہے۔ | |
| | مشرقی گھاٹیاں اور مغربی گھاٹیاں کہاں ملتے ہیں ؟ | .13 |
| | جواب : | |
| 1 | نیلگیری پہاڑوں | |
| | کس طرح کے جنگلات ندی کے ڈیلٹاؤں میں پائے جاتے ہیں ؟ | .14 |
| | جواب : | |
| 1 | مانگرو | |
| | قومی آمدنی کسے کہتے ہیں ؟ | .15 |
| | جواب : | |
| 1 | ایک سال کے عرصہ میں ملک میں پیدا کئے گئے اشیاء اور خدمات کی کُل قدر و قیمت قومی آمدنی ہے۔ | |
| | و پرو ٹکنالوجی کے بانی ( Founder ) کون ہیں ؟ | .16 |
| | جواب : | |
| 1 | عظیم پریم جی | |
| | مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو جملوں میں لکھئے : $18 \times 2 = 36$ | .III |
| | بکسر کی جنگ کے نتائج کون کونسے ہیں ؟ | .17 |
| | جواب : | |
| | ☆ ایست انڈیا کمپنی بنگال کی دیوانی کے حقوق شاہ عالم نے عطا کئے | |
| | ☆ سالانہ 26 لاکھ روپئے لے کر شاہ عالم نے بنگال پر اپنے حقوق کھو دیئے | |
| | ☆ اودھ کے نواب کو معاوضہ کے طور پر 50 لاکھ روپیئے عطا کئے | |
| 2 | ☆ میر جعفر کے بیٹے کو کمپنی نے وظیفہ دیا۔ $4 \times \frac{1}{2}$ | |

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | عہد معاونت کے اُصول کونسے ہیں ؟ | .18 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ ہندوستان کا حکمران انگریزی فوجی دستے کو اپنے ریاست میں مقیم کرنا | |
| | | ☆ فوج کے خرچ و اخراجات کو متعلقہ حکمران ہی کو بھرنا پڑتا تھا | |
| | | ☆ حکمران کے دربار میں انگریزی افسر کو موقع دلوانا | |
| | | ☆ کسی بھی یوروپی کو مقرر نہیں کیا جاسکتا تھا | |
| | | ☆ ہندوستان کے کسی بھی حکمران سے تعلقات یا کسی بھی حکمران سے جنگ کرنا ہو تو اِس میں انگریزی گورنر جنرل کے مشورے کی ضرورت تھی۔ | |
| 2 | $4 \times \frac{1}{2}$ | ☆ کمپنی سے اِس ریاست کے اندرونی یا بیرونی حفاظت دینا تھا۔ (کوئی چار) | |
| | | پنچ شیل کے اُصول کون کونسے ہیں ؟ | .19 |
| | | یا | |
| | | انسانی حقوق کو عام کرنے کے لئے ہندوستان کی کوششیں بیان کیجئے۔ | |
| | | جواب : | |
| | | ☆ باہمی کو علاقائی سالمیت اور اقتدار اعلیٰ کا احترام | |
| | | ☆ عدم جارحیت | |
| | | ☆ ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں عدم مداخلت | |
| | | ☆ مساوات اور باہمی فائدے | |
| 2 | $4 \times \frac{1}{2}$ | ☆ پُرامن بقائے باہم (کوئی چار) | |
| | | یا | |
| | | ☆ دستورِ ہند کے بنیادی حقوق | |
| | | ☆ قومی کمیشن کی تشکیل انسانی حقوق کے لئے | |
| | | ☆ پس ماندہ طبقے اور اقلیتی طبقے | |

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | ☆ پچھڑے طبقات (یس ٹی – یس سی) | |
| | | ☆ قومی خواتین کمیشن | |
| 2 | $4 \times \frac{1}{2}$ | ☆ ریاستی کمیشن (کوئی چار) | |
| | | غیر منظم مزدوروں کے مسائل کی فہرست لکھئے۔ | 20. |
| | | یا | |
| | | ماحولی تحریک کے کوئی چار نام لکھئے۔ | |
| | | جواب : | |
| | | ☆ ہجرت | |
| | | ☆ سماجی تحفظ | |
| | | ☆ بچہ مزدوری | |
| 2 | $4 \times \frac{1}{2}$ | ☆ جسمانی اور نفسیاتی مظالم (کوئی چار) | |
| | | یا | |
| | | ☆ جھارکھنڈ مکتی مورچہ | |
| | | ☆ چپکو | |
| | | ☆ اپیکو | |
| | | ☆ نربدا | |
| | | ☆ موناوادی | |
| | | ☆ MRDL کے خلاف | |
| 2 | $4 \times \frac{1}{2}$ | ☆ کائگا مخالف (کوئی چار) | |
| | | ہندوستان کے اہم موسم (آب وہوا) کون کونسے ہیں ؟ | 21. |
| | | ☆ موسم سرما | |
| | | ☆ موسم گرما | |

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | ☆ موسم بارش | |
| 2 | $4 \times \frac{1}{2}$ | ☆ موسم پسپائی مانسون | |
| | | مٹی کے کٹاؤ کے وجوہات (اسباب) کون کونسے ہیں ؟ | .22 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ جنگلات کی تباہی | |
| | | ☆ کثیر چراہی | |
| | | ☆ منتقلی زراعت کا رواج | |
| | | ☆ غیر سائنسی طریقہ | |
| | | ☆ مٹی کی اوپری سطح | |
| 2 | $4 \times \frac{1}{2}$ | ☆ سیلاب (کوئی چار) | |
| | | رہائشی (مکانات) پروگرام (منصوبے) کونسے ہیں ؟ لکھئے۔ | .23 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ پردھان منتری آواس یوجنا | |
| | | ☆ امبیڈکر والمکی دستی یوجنا | |
| 2 | 1 + 1 | ☆ آشریہ یوجنا (کوئی دو) | |
| | | صارفین کے تحفظ کا قانون کے مقاصد کیا ہیں ؟ | .24 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ تحفظ اور معیار کی اہمیت کو فروغ دینا | |
| | | ☆ خطرناک اشیا کی پیداوار اور فروخت کی مخالفت کرتا ہے | |
| | | ☆ بازاروں میں چلنے والی نقلی کاروبار کی روک تھام کرنا ہے | |
| | | ☆ معیار وزن ناپ تول اور قیمتوں پر نگرانی | |
| | | ☆ پریشان صارفین کو مناسب معاوضہ دلانا | |
| 2 | $4 \times \frac{1}{2}$ | ☆ صارفی تعلیم کے تحت لوگوں میں بیداری پیدا کرنا (کوئی چار) | |

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | پلاسی کی جنگ کے اسباب کیا ہیں ؟ | .25 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ دستک کا غلط استعمال | |
| | | ☆ اجازت کے بغیر قلعوں کی مرمت | |
| 2 | 1 + 1 | ☆ سیاہ کوٹھی المیہ (کوئی دو) | |
| | | اینی بیسنٹ کے اصلاحی کاروائیاں کیا تھیں ؟ | .26 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ بھگوت گیتا کا انگریزی میں ترجمہ تھا | |
| | | ☆ اِسکولس قائم کئے | |
| | | ☆ بنارس میں ہندو کالج شروع کیا | |
| | | ☆ نیو انڈیا اور ''کامن وہیل'' نامی اخبارات شروع کئے | |
| | | ☆ ہوم رول لیگ اور ہوم رول تحریک شروع کی | |
| | | ☆ جدوجہد آزادی میں حصّہ لیا | |
| 2 | $4 \times \frac{1}{2}$ | ☆ INC کی سب سے پہلی صدر بھی تھی (کوئی چار) | |
| | | 1857 کی بغاوت کے فوجی اسباب کی وضاحت کیجئے۔ | .27 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ برطانوی فوج میں ہندوستانی سپاہیوں کی حالت افسوس ناک تھی | |
| | | ☆ رتبہ، تنخواہیں اور ترقی کے مواقع جو انگریز سپاہیوں کو حاصل تھے اِس سے ہندوستانی سپاہی محروم تھے | |
| | | ☆ مذہبی جذبات بھی مجروح ہوئے | |
| 2 | 1 + 1 | ☆ خدمات کے لئے سمندر پار کرنے پر مجبور کیا گیا۔ (کوئی دو) | |

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | بے روزگاری کے خاتمہ کے لئے اُٹھائے گئے اقدامات کون کونسے ہیں ؟ | .28 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ اہم مہارتی تعلیم معیار کو بڑھا رہی ہے | |
| | | ☆ سرمایہ کو تو قرض سے مہیا کر کے ہمت افزائی کی جارہی ہے | |
| | | ☆ حقیقی اعتبار سے مکانیکی پیشے اور تکنیکی تعلیم | |
| 2 | 1 + 1 | ☆ پیشہ وارانہ تعلیم (کوئی دو) | |
| | | دوسری عالمی جنگ کے بعد کون کونسے اہم مسائل درپیش آئے ؟ | .29 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ انسانی حقوق کی پامال | |
| | | ☆ اسلحہ کی دوڑ | |
| | | ☆ معاشی غیر مساوات | |
| | | ☆ نسلی امتیازات | |
| 2 | 1 + 1 | ☆ دہشت گردی (کوئی دو) | |
| | | سماجی پرتوں کے نظام کی خصوصیات (خوبیاں) کون کونسے ہیں ؟ | .30 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ سماجی عمل | |
| | | ☆ جامع اور مکمل ہوتی ہے | |
| | | ☆ نہایت قدیم ہے | |
| 2 | $4 \times \frac{1}{2}$ | ☆ مختلف اشکال میں ہے | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | | مارکس |
|---|---|---|---|
| .31 | ہندوستان کے اہم طبعی حصّے کونسے ہیں ؟<br>جواب :<br>☆ شمالی پہاڑیاں<br>☆ شمال کے عظیم میدان<br>☆ سطح مرتفع جزیرہ نما<br>☆ ساحلی میدان اور جزائر | $4 \times \frac{1}{2}$ | 2 |
| .32 | ہندوستان میں زراعت کی اہمیت کیا ہے ؟<br>جواب :<br>☆ زراعت لوگوں کے گزارے کا ذرائع ہے<br>☆ یہ لوگوں کو غذا اور مویشیوں کے لئے چارہ کا ذرائع ہے<br>☆ یہ آمدنی کا ذرائع ہے<br>☆ یہ محصولات بینکنگ، بیمہ کو معاون ہوتی ہے<br>☆ صنعتوں کو مدد معاون ہے<br>☆ سیاسی اور سماجی حالات پر بھی اثر انداز ہوتی ہے (کوئی دو) | 1 + 1 | 2 |
| .33 | ترقی کی سرگرمی کو بیان کیجئے۔<br>جواب :<br>☆ نئے نئے وسائل کی تلاش<br>☆ تعلیم/مہارت<br>☆ سرمایہ داری<br>☆ آبادی کی کثرت<br>☆ اعلیٰ ٹکنالوجی<br>☆ آبادی کی خصوصیات میں تبدیلیاں | | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ☆ آمدنی اور اِس کی تقسیم میں کمی | |
| 2 | 1 + 1 ☆ خواہشات میں تبدیلیاں (کوئی دو) | |
| | صارفین کے استحصال کے وجوہات (اسباب) کیا ہیں ؟ | 34. |
| | جواب : | |
| | ☆ دلال | |
| | ☆ اشیاء کو فروخت کرنے کے مرحلوں میں تبدیلیاں | |
| | ☆ دلال قیمتیں مقرر کرنے لگے | |
| | ☆ ٹیلی شاپنگ | |
| 2 | 1 + 1 ☆ پیدا کار اور گاہک مشترکہ طور پر قیمت مقرر نہیں کئیں (کوئی دو) | |
| | 9 × 3 = 27 **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چھ جملوں میں لکھئے :** | IV. |
| | انگریزی تعلیمی نظام سے ہندوستانیوں پر کیا اثرات ہوئے ؟ | 35. |
| | جواب : | |
| | ☆ قومیت کا جذبہ | |
| | ☆ مقامی زبانیں اور ادبی تخلیقات کو بھی فروغ ملا | |
| | ☆ اخبارات اور میگزائن کا عروج ہونے لگا | |
| | ☆ جدید سماجی اور مذہبی اصلاحی تحریکیں جنم لیں | |
| | ☆ ہندوستانی تعلیم یافتہ لوگوں کے غور وفکر میں ایک جدت پسندی | |
| | ☆ آزادی کی جدوجہد یں اور انقلابی تحریکات کا اثر ہندوستانیوں پر بھی ہونے لگا | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ ☆ ہندوستانیوں کو اپنے تہذیب وتمدن سے واقفیت ملی۔ (کوئی چھ) | |
| | آریہ سماج کے مقاصد کونسے ہیں ؟ | 36. |
| | یا | |
| | ہندوستان کو آزادی کے وقت کن کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا ؟ | |

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | جواب : | |
| | | ☆ ایک خدا پر بھروسہ کریں | |
| | | ☆ ذات پات کو انکار کریں | |
| | | ☆ بین ذاتی شادیوں کو فروغ دینا | |
| | | ☆ کثیر الازواجی اور بچپن کی شادیوں سے منع کیا | |
| | | ☆ مرد اور عورت ( خواتین ) دونوں مساوی ہیں | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ | ☆ صرف وید ہی مقدس ہیں اور قدیم گرنتھ کا مطالعہ اور پر چار کرنا چاہئے۔ | |
| | | **یا** | |
| | | ☆ مذہبی فسادات | |
| | | ☆ دیسی حکومتوں کی تنظیم | |
| | | ☆ زراعت، صنعتیں اور تجارتی حلقوں کی از سر نو تصحیح | |
| | | ☆ اپنا ایک خود دستور تشکیل کرنا | |
| | | ☆ پڑوسی دشمنوں سے تحفظ | |
| | | ☆ مذاہب ذاتوں اور جنسی بھید بھاؤ کو ختم کرنا | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ | ☆ پناہ گزینوں ( کوئی چھ ) | |
| | | ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی کی ناکامی کے اسباب بیان کیجئے۔ | 37. |
| | | جواب : | |
| | | ☆ تمام ملک میں نہیں پھیلی | |
| | | ☆ منظم جدو جہد نہیں تھی | |
| | | ☆ سپاہیوں میں اتحاد نہ تھا | |

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | ☆ نہ مناسب رہنمائی نہ کوئی قیادت | |
| | | ☆ نظم وضبط اور مہارت کی زبردست کمی | |
| | | ☆ جدوجہد کا مقصد ملک کی آزادی سے زیادہ چند ایک مفادات کا بچاؤ تھا | |
| | | ☆ سپاہیوں کے لوٹ مار کی وجہ سے لوگوں کا اِن پر اعتماد باقی نہ رہا | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ | ☆ کئی علاقائی والیان نے انگریزوں سے اپنی وفاداری کی وجہ (کوئی چھ) | |
| | | ہندوستان اور روس کے درمیانی تعلقات کو بیان کیجئے۔ | .38 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ دوستانہ تعلقات | |
| | | ☆ چین کے حملہ پر روس نے مذمت کی تھی | |
| | | ☆ 1961ء میں گوا کی آزادی میں روس نے مدد کی تھی | |
| | | ☆ 1966ء میں ہندوستان اور پاکستان تاشقند معاہدہ | |
| | | ☆ 20 سالہ امن اتحاد اور امدادی معاہدے پر دستخط کئے | |
| | | ☆ بھلائی اور بوکارو کے فولاد کے کارخانے قائم کرنے میں روس سے مدد لی | |
| | | ☆ صنعتوں اور تجارتی میدانوں میں ترقی کے لئے روس نے کافی مدد کی | |
| | | ☆ اقوام متحدہ تنظیم کی سیکورٹی کونسل میں ہندوستان کو مستقل ممبر بنانے کے لئے روس نے حمایت کی تھی | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ | (کوئی چھ) | |
| | | ہندوستان میں چھوت چھات کے خاتمہ کے لئے اُٹھائے گئے اقدامات لکھیں ؟ | .39 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ دستور کے 17 ویں دفعہ کے تحت چھوت چھات کا خاتمہ ہوا۔ | |
| | | ☆ چھوت چھات سے متعلق جرائم کا قانون 1955 میں جاری ہوا | |

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | ☆ 1976ء میں شہریوں کے حقوق کے تحفظ کا قانون ترمیم ہوا | |
| | | ☆ عوامی حق رائے دہندگی | |
| | | ☆ خصوصی طور پر تعلیمی اور روزگار کے مواقع فراہم کئے گئے | |
| | | ☆ 1989ء کے تحت ریاستوں میں چھوت چھات کا خاتمہ کیا | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ | ☆ درج فہرست ذاتوں اور پس ماندہ لوگوں کے لئے خصوصی مواقع (کوئی چھ) | |
| | | صنعتوں کی مقامیت پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کیجئے۔ | .40 |
| | | یا | |
| | | سائیکلون کے اثرات کی فہرست لکھئے۔ | |
| | | جواب : | |
| | | ☆ کچے مال کی فراہمی | |
| | | ☆ بجلی یا برقی توانائی کی فراہمی | |
| | | ☆ نقل و حمل و مواصلات کے سہولیات | |
| | | ☆ بازار کی سہولیات | |
| | | ☆ سرمایہ | |
| | | ☆ مزدور اور پانی کی فراہمی | |
| | | ☆ موسم | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ | ☆ حکومت کی پالسیاں (کوئی چھ) | |
| | | یا | |
| | | ☆ جان لیوا اور تباہ کن | |
| | | ☆ جائیداد، املاک | |
| | | ☆ عمارتوں کا ٹوٹنا | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | | مارکس |
|---|---|---|---|
| | ☆ نقل وحمل اورابلاغ کے نظام کا درہم برہم ہونا | | |
| | ☆ برقی تاروں کا ٹوٹنا | | |
| | ☆ فصلوں کی بربادی | | |
| | ☆ جنگلات اور جانوروں کی ہلاکت (کوئی چھ) | $6 \times \frac{1}{2}$ | 3 |
| .41 | نقل وحمل کی اہمیت کیا ہے ؟ بیان کیجئے۔ | | |
| | جواب : | | |
| | ☆ انسانی سرگرمیوں میں ترقی | | |
| | ☆ زراعت کی ترقی | | |
| | ☆ صنعتوں کی ترقی وفروغ | | |
| | ☆ کاروبار میں توسیع | | |
| | ☆ بازاروں کا پھیلاؤ | | |
| | ☆ روزگار میں اضافہ | | |
| | ☆ سیروسیاحت اور دفاع مدد معاون ہوتا ہے | | |
| | ☆ معیادزندگی بلند (کوئی چھ) | $6 \times \frac{1}{2}$ | 3 |
| .42 | ہندوستان میں موجود جنسی تفریقات کے نکات کی وضاحت کیجئے۔ | | |
| | **یا** | | |
| | ہندوستانی عمل (جاری) میں لائے گئے پنچایت راج نظام کے خصوصیات بیان کیجئے۔ | | |
| | جواب : | | |
| | ☆ جنسی شرح | | |
| | ☆ محنت کی صلاحیت (کام کی جگہ) | | |

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | ☆ خواندگی | |
| | | ☆ کم مزدوری | |
| | | ☆ اُن کے کمائے ہوئے روپیوں کو خرچ کرنے کی آزادی نہیں ہوتی | |
| | | ☆ زیادہ تنخواہ والی ملازمتوں میں بالکل کم نظر آتی ہے | |
| | | ☆ غیر تغذیہ | |
| | | ☆ بیماریوں میں ملوث | |
| | | ☆ کام کا دباؤ | |
| | | ☆ ماؤں کی اموات/کمسن بچوں | |
| | | ☆ لڑکیوں کا جنین کا پتہ لگا کر قتل کر دینا | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ | ☆ سیاسی نظر انداز (کوئی چھ) | |
| | | یا | |
| | | جواب : | |
| | | ☆ پنچایت نظام کو تین حصّوں میں عمل میں لایا | |
| | | ☆ راست اور بلواسطہ انتخابات | |
| | | ☆ مخصوص نشستیں | |
| | | ☆ مالیاتی نظام، بجٹ تیار کرنا اور حساب کتاب رکھنے کی ذمہ داری | |
| | | ☆ ایکزیکٹیو ڈائرکٹر اور دیگر عملہ کی فراہمی | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ | ☆ چھ مہینے کے اندر لازمی طور پر نئے انتخابات کا اعلان کرنا | |
| | | بینک کے کام وکاج کون کونسے ہیں ؟ | 43. |
| | | یا | |
| | | معاشی ترقی میں صنعت کار کے کردار کون کونسے ہیں ؟ | |
| | | جواب : | |
| | | ☆ بینک زرمحفوظ کو قبول کرنا | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | | مارکس |
|---|---|---|---|
| | ☆ قرض دینا | | |
| | ☆ رقم کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا | | |
| | ☆ چیک اور رسید، ہنڈی کے ذریعہ رقم وصول کرنا | | |
| | ☆ چیک یا ڈرافٹ کو بھنانا | | |
| | ☆ محفوظ خانوں کو کرایہ پر دینا | | |
| | ☆ غیر ملکی زر میادلہ کاروبار کو چلانا | | |
| | ☆ قیمتی اشیاء کو اپنے محفوظ خانوں میں بحفاظت رکھنا | | |
| | ☆ قرض کی سند اور ذمہ داری والے کاغذات دینا | | |
| | ☆ حکومت کے پیسوں کے کام کاج نبھانا۔ (کوئی چھ) | $6 \times \frac{1}{2}$ | 3 |
| | یا | | |
| | جواب : | | |
| | ☆ سرمایہ کے انداز میں قائم کرتے ہیں | | |
| | ☆ روزگاریاں | | |
| | ☆ پیداوار اور عوامی فی کس آمدنی کو بڑھاتے ہیں | | |
| | ☆ مارکیٹ کی ترقی | | |
| | ☆ معیاری زندگی کو بہتر بنانے کے لئے محنت کرتے ہیں | | |
| | ☆ کارخانوں کو ترقی فراہم کرتے ہیں | | |
| | ☆ ملک کی برآمدات کے کاروبار کو بڑھاتے ہیں | | |
| | ☆ تکنیکی مہارتوں کو تبدیلی کرتے ہوئے زیادہ منافع بخش کاروبار اپناتے ہیں (کوئی چھ) | $6 \times \frac{1}{2}$ | 3 |


| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| V. | مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات آٹھ جملوں میں لکھئے : $4 \times 4 = 16$ | |
| 44. | انگریزوں کے خلاف ڈونڈیا واگھ نے کس طرح بغاوت کی ؟<br>یا<br>ہندوستان کی آزادی کی تحریک میں انتہا پسندوں کا کردار بیان کیجئے۔<br>جواب :<br>☆ فوج مستحکم بنانا<br>☆ شیموگہ اور بدنور کے قلعوں کو قبضہ کیا۔<br>☆ چیتر درگ کے قلعہ کو قبضہ کرنے سے ناکام ہوا<br>☆ ویلزلی کی مخالفت شروع کی<br>☆ انگریز شیموگہ، ہونالی، ہری ہر پر حملہ آور ہوئے<br>☆ شکاری پور پر قبضہ ہونے کے بعد ڈونڈیا نے گُتی کے طرف بڑھا<br>☆ ڈونڈیا پھر مرہٹہ علاقے کی طرف بھاگ نکلا<br>☆ مرہٹہ حکومت نے اسے شکست دی<br>☆ پالیگاروں کی حوصلہ افزائی بھی کی<br>☆ ملبار کے علاقوں میں موجود فرانسیسیوں نے بھی اس کا ساتھ دیا<br>☆ چاروں طرف سے ڈونڈیا فوج کو انگریزوں نے گھیر لیا<br>☆ ڈونڈیا فوج کو انگریزوں نے یاپلپروی نامی مقام پر حملہ کرتے ہوئے کونگل نامی مقام پر اسکا قتل کیا<br>☆ کثیر مقدار میں بم اور ہتھیارات انگریزوں نے حاصل کئے۔ (کوئی آٹھ) $8 \times \frac{1}{2}$<br>یا | 4 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | ☆ اعتدال پسندوں کو سیاسی بھکاری کے نام سے پہنچانا گیا | |
| | ☆ انگریزوں کے غلط اعلان کی سخت مخالفت کی | |
| | ☆ تقسیم بنگال کی مخالفت کی | |
| | ☆ رکشابندھن | |
| | ☆ سودیشی تحریک | |
| | ☆ غیرملکی اشیااورانکوفروغ دینے والی تنظیموں کوروک رکھا | |
| | ☆ ہندوستانیوں کومقامی اشیاکے استعمال کرنے کے لئے اکسایا گیا | |
| | ☆ تلک نے اعلان کیا کہ سوراج میرا پیدائشی حق ہے۔اوراسکوحاصل کرکے ہی رہونگا | |
| | ☆ مکمل آزادی حاصل کرنا مقصد ہے | |
| | ☆ لوگوں کی تنظیموں | |
| | ☆ گنیش تہوار، شیواجی، درگاپوجامنایا گیا | |
| 4 | ☆ تلک نے مرہٹی زبان میں کیسری اورانگریزی زبان میں مرہٹااخبارجاری کیا۔(کوئی آٹھ) $8 \times \frac{1}{2}$ | |
| | آزادی کی جدوجہدمیں سبھاش چندربوس کا کردار کیا تھا ؟ | 45. |
| | جواب : | |
| | ☆ فیصلہ کن | |
| | ☆ باوقارعہدہ قبول کرنے سے انکارکردیا | |
| | ☆ نیتاجی کے نام سے مقبول تھے | |
| | ☆ ودیش میں مقیم ہندوستانیوں کومنظم کرنے اورانہیں مسلح کرنے کی کوشش کی | |
| | ☆ دوسرے ممالک کادورہ کیااوروہاں مقیم ہندوستانیوں میں اپنے مادروطن کی مددکااحساس جگانا | |
| | ☆ کانگریس سوشلیسٹ پارٹی | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ☆ ہری پورسیشن کے صدر بنے | |
| | ☆ گاندھی جی اور سبھاش چندر بوس کے مابین اختلافات پیدا ہوئے | |
| | ☆ کانگریس چھوڑا | |
| | ☆ فارورڈ بلاک | |
| | ☆ فوجی تیاریوں اور عالمی جنگ میں ہندوستان کی شرکت کے خلاف تھے | |
| | ☆ انگریزوں نے انہیں گرفتار کرلیا | |
| | ☆ بوس گھر کے نظر بندی سے فرار ہوکر جرمنی پہنچے | |
| | ☆ جرمن مدد کے لئے تیار تھا | |
| | ☆ آزاد ہند ریڈیو کے ذریعہ انہوں نے اپنی تقاریر نشر کیں۔ | |
| | ☆ راس بہاری بوس سے ہاتھ ملایا، دہلی چلو کا نعرہ دیا | |
| | ☆ مجھے خون دو میں تمہیں آزادی دونگا | |
| | ☆ انگریزوں نے رنگون پر قبضہ کرلیا | |
| | ☆ INA اراکین کو گرفتار کرلیا | |
| 4 | ☆ سبھاش چندر بوس ایک ہوائی حادثہ میں ہلاک ہوگے (کوئی آٹھ) $8 \times \frac{1}{2}$ | |
| | عورتوں کے مقام کو بہتر بنانے کے لئے حکومت ہند نے کون کونسے اقدامات اُٹھائے ہیں ؟ | .46 |
| | جواب : | |
| | ☆ حکومت نے محکمہ برائے بہبودی اطفال ونسواں کو قائم کیا | |
| | ☆ عورتوں کی تعلیم | |
| | ☆ بچپن کی شادیوں کی روک تھام کا قانون | |

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | ☆ جہیز کی روک تھام کا قانون | |
| | | ☆ لازمی تعلیم | |
| | | ☆ استری شکتی | |
| | | ☆ خواتین کی خودکار انجمن | |
| | | ☆ خواتین کمیشن کی تشکیل | |
| | | ☆ مقامی تنظیموں میں ریزوریشن | |
| 4 | $8 \times \frac{1}{2}$ | ☆ خواتین کو قرضہ کی سہولیات اور رعایت دینے کے پروگرامس۔ (کوئی آٹھ نکات) | |
| | | ہندوستان میں عمل میں لائے جانے والی زراعت کی قسموں کی فہرست لکھئے۔ | .47 |
| | | جواب : | |
| | | ☆ گزربسر کاشتکاری | |
| | | ☆ منتقلی گزربسر کھیتی | |
| | | ☆ مستحکم گزربسر کھیتی | |
| | | ☆ عمیق کاشتکاری | |
| | | ☆ تجارتی زراعت | |
| | | ☆ مخلوط زراعت | |
| | | ☆ باغاتی کھیتی | |
| | | ☆ خشک کھیتی | |
| | | ☆ نمدار زراعت | |
| 4 | $8 \times \frac{1}{2}$ | ☆ آبپاشی زراعت (کوئی آٹھ نکات) | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| VI. 48. | ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : | 1 + 4 = 5 |
| | a) $23\frac{1}{2}^{\circ}$ شمالی عرض البلد | |
| | b) بھاکرا ننگل | |
| | c) دریائے کاویری | |
| | d) ممبئی | |
| | جواب : | |



| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 5 | **نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 48 کی جگہ)**<br>ہمہ مقصدی دریائی منصوبہ کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟<br>جواب :<br>☆ آبپاشی کے لئے پانی مہیا کرنا<br>☆ سیلابوں پر قابو پانا<br>☆ آبی برقی قوت پیدا کرنا<br>☆ مٹی کی کٹائی کی روک تھام کرنا<br>☆ زیر زمین پانی کو بڑھانا<br>☆ تفریحی مواقع فراہم کرنا<br>☆ گھریلو اور صنعتوں کے لئے پانی فراہم کرنا<br>☆ زراعت کے لئے زمین کو دوبارہ قابل کاشت بنانا<br>☆ جنگلات کا تحفظ وغیرہ | |